## کراچی میں طوفانی بارشوں کے باعث مختلف حادثات کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے۔صوبائی حکومت سے الطاف حسین

## حق پرست ناظمین، ایم کیوایم کے منتخب نمائندے اور کارکنان متاثرین کی ہرممکن امداد کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔19 جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں طوفانی بارشوں کے باعث مختلف حادثات کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ روز ہونے والی طوفانی بارش نے 31 سالہ ریکارڈ توڑ دیا ہے۔انہوں نے طوفانی بارشوں کے دوران حادثات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے۔انہوں نے حق پرست ناظمین، ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ متاثرین کی ہرممکن امداد کریں۔

## طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی خدمت پر حق پرست نمائندوں اور کارکنوں کو الطاف حسین کا خراج تحسین

## پرعزم کارکنان ہی میری توانائی اور فخر ہیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔19/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی اور حیدرآباد میں جاری طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی بھرپور اور عملی خدمت اور شہریوں کو درپیش مسائل حل کرنے پر ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، منتخب نمائندگان اور تمام کارکنان کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے بہادر اور پرعزم کارکنان ہی میری اصل توانائی اور میرا فخر ہیں جنہوں نے گزشتہ روز مشکل اور آزمائش کے وقت میں اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کی، متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا اور بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی ہرممکن کوشش کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں کے پانی کی نکاسی اور ٹریفک کی روانی میں اپنا کردار ادا کیا وہ قابل تعریف ہے۔جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی بھرپور خدمت پر رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل، نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت، تحصیل ناظمین ونائب تحصیل ناظمین، کراچی وحیدرآباد کے تمام یوسی ناظمین ونائب یوسی ناظمین، حق پرست کونسلرز اور ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی، ارکان رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین کا کراچی میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ مختلف علاقوں کا دورہ، امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا،

## رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندے سارا دن شہر کے دورے پر رہے، خود بھی امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا

## ایم کیوایم کے کارکنان طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی، خراب ہونے والی گاڑیوں کو سڑکوں سے ہٹانے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں مصروف رہے

## طوفانی بارش ہم سب کیلئے آزمائش ہے اور انشاء اللہ ہم اس آزمائش سے سرخرو ہوکر نکلیں گے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان کی متاثرین سے گفتگو

کراچی۔۔۔19جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز انیس احمد قائمخانی اور دیگر ارکان رابطہ کمیٹی اورحق پرست صوبائی وزراء شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر صغیر انصاری، رضا ہارون، خالد بن ولایت اورحق پرست ٹاؤن ناظمین نے کراچی میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ مختلف علاقوں کا آج بھی دورہ کیا اور بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے کارکنان کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ ایم کیوایم کے رہنما تقریباً سارا دن شہر کے مختلف علاقوں کے دورے پر رہے اورحق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، کونسلروں اور دیگر حق پرست نمائندوں کو طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ایم کیوایم کے کارکنان بھی طوفانی بارشوں کے باعث خراب ہونے والی گاڑیوں کو سڑکوں سے ہٹانے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں مصروف رہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست نمائندوں نے خود بھی امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا اور کارکنان کے جذبہ خدمت کو سراہا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شہریوں کو یقین دلایا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اورحق پرست نمائندوں کو ان کی تکلیف اور روزمرہ کے معاملات متاثر ہونے کا پورا احساس ہے اور وہ بارش کے متاثرین کو ہرگز تنہا نہیں چھوڑیں گے، گزشتہ دو روز کے دوران ہونے والی طوفانی بارش ہم سب کیلئے ایک آزمائش ہے اور انشاء اللہ ہم اس آزمائش سے سرخرو ہوکر نکلیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ شہر کا ایک بڑا حصہ پہلے ہی بحال کیا جاچکا ہے اور معمولات زندگی تقریباً معمول پر آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے نہ صرف بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا بلکہ انہیں کھانے پینے کی اشیاء بھی فراہم کی جارہی ہیں۔

## ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کراچی میں بارشوں کے دوران کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئے، لیگل ایڈ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کراچی میں بارشوں کے دوران کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 36 سال تھی اور ان کے سوگوران میں بیوہ، والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔ عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کی تدفین میر پور خاص میں کی جائے گی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن ارشد احمد خان سعید اور لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔19/ جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے کارکن ارشد احمد خان سعید اور متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ارشد احمد خان سعید اور عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## کراچی میں تفریحی گاہوں اور ساحلی مقامات پر شہریوں کا معمول سے زیادہ ہجوم، شہریوں نے بارش اور موسم کا لطف اٹھایا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

کراچی کے ہزاروں خاندانوں نے اتوار کے روز شہر کے مختلف تفریحی مقامات کا رخ کیا اور بارشوں اور خوبصورت موسم کا پورا پورا لطف اٹھایا۔ کراچی کے باغ ابن قاسم، سفاری پارک، الہ دین، عسکری پارک، بے بی انفضا الطاف پارک، مزار قائد پارک، عائشہ پارک، ٹی گراؤنڈ، ناصر حسین شہید پارک، کراچی چڑیا گھر، الحمر پارک، نجی تفریحی مقامات کے علاوہ ساحلی علاقے سی ویو، کلفٹن، ہاکس بے، کیپ ماؤنٹ، نیلم پوائنٹ، سنہرا بیچ، پیراڈائز پوائنٹ اور دیگر تفریحی مقامات میں کراچی کے شہریوں کا ہجوم معمول سے کہیں زیادہ نظر آیا جبکہ جن پارکوں میں

داخلے کیلئے فیس عائد ہے وہاں ریکارڈ تعداد میں ٹکٹ فروخت ہوئے اور متعلقہ اداروں کو معمول سے کہیں زیادہ آمدنی بھی ہوئی۔ یہاں لوگوں نے اپنے بچوں، بزرگوں اور خواتین کے ساتھ بھرپور تفریح کی اور کراچی کے موسم کا پورا پورا لطف اٹھایا۔ اس موقع پر شہریوں نے کہا کہ شہر کراچی میں ہونے والی بارشیں ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیز اور طویل ہوئی ہیں جس کا ہم پکنک بنا کر بھرپور لطف لے رہے ہیں کیونکہ ایسے مواقع اور لمحات زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے۔ اس طرح کراچی کے شہریوں نے شہر کے تفریحی مقامات جا کر اس تاثر کو بھی زائل کردیا ہے کہ بارشوں کے باعث اتنی تباہی ہوئی ہے کہ وہ شہر میں اپنی نقل وحرکت جاری نہیں رکھ سکتے اور بارشوں کے شہر کے سارے راستے مفلوج ہو چکے ہیں۔

## ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے شہر کا امن خراب کرنے کے خلاف ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیاسی مخاصمت سے باہر ہو کر آواز بلند کرنی چاہیئے، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی

## کراچی بار کے وکلاء کی جانب سے کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے خلاف ریلی نکالنے کا زبردست خیر مقدم

کراچی۔۔۔19، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین صوبائی اسمبلی نے کراچی بار کے وکلاء کی جانب سے ٹارگٹ کلنگ کے خلاف ریلی نکالنے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا کہ ہے کہ ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے شہر کا امن خراب کرنے اور ملک کی ترقی وخوشحالی کو متاثر کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیاسی مخاصمت سے باہر ہو کر آواز بلند کرنی چاہیئے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے دوران جون 2009ء سے آج کے دن تک ایم کیوایم کے 19 کارکنان، ہمدردوں اور منتخب نمائندوں کو نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ گزشتہ ساتھ ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 31 کارکنان و ہمدردوں کو بیدردی سے فائرنگ کر کے شہید کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں شہر کراچی میں ایک منظم سازشی منصوبے کے تحت وکلاء کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا جس پر ایم کیوایم نے بھرپور اور مئوثر آواز بلند کی تھی اور آج بھی متحدہ قومی موومنٹ شہر کراچی میں سازشی منصوبے کے تحت کرائی جانے والی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف آواز بلند کر رہی ہے اور اس میں وکلاء کی جانب سے ریلی نکالنے کا اقدام دہشت گردوں کے حوصلوں کو پست کرنے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات روکنے میں اہم کردار ادا کریگی۔ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان کو شہید کیا جاچکا ہے اور جو بھی دہشت گرد اوران کے سرپرست اس میں ملوث ہیں وہ آئین وقانون کی گرفت سے تو محفوظ رہ سکتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر ضرور نازل ہوگا۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے کارکن ارشد احمد خان انتقال کرگئے، سوئم کل ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین رابطہ کمیٹی اور حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔19/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے شہید کارکن عبدالقدوس کے بھائی اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے کارکن ارشد احمد خان سعید طویل علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کرگئے (اناللہ واناالیہ راجعون) مرحوم کی عمر 31 سال تھی اور وہ کینسر کی موذی بیماری میں مبتلا ہونے کے باعث گزشتہ ایک سال سے زیر علاج تھے، گزشتہ روز انکی حالت اچانک خراب ہوگئی اور وہ تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے۔ ارشد احمد خان مرحوم شادی شدہ اور تین بچوں کے باپ تھے جنہوں نے سوگواران میں والدہ، بیوہ، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ ارشد احمد خان سعید مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان لیاقت آباد سی ون ایریا قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء مقامی مسجد میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری، حق پرست رکن سندھ اسمبلی انور عالم، لیبر ڈویژن، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، علاقائی سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کارکنان اوران کے اہلخانہ سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔19/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن سیسی یونٹ ولیاقت آبادسیکٹر یونٹ 162 کے کارکن ارشداحمد خان سعید،ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن عابد حسین عباسی ایڈووکیٹ ،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 151 کے کارکن ارشد ملک کی ہمشیرہ نصرت پروین،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے کارکن محمد اسلم قریشی کی صاحبزادی مارااسلم،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن شعیب مشتاق کے والدمشتاق احمد صدیقی ،اورایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے کارکن محمد شعیب خان کی والدہ رحمت بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔( آمین )

## حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا اور عبداللہ بلیدی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالے لاڑکانہ سبزی منڈی کے تاجر مکیش کمار کی عیادت کی

لاڑکانہ۔۔۔19/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا اور متحدہ قومی موومنٹ لاڑکانہ زون کے زونل انچارج عبداللہ بلیدی نے سبزی منڈی لاڑکانہ میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کر کے مقامی تاجر مکیش کمار کو شدید زخمی کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور واقعہ کی اطلاع ملتے ہی چانڈکا اسپتال کے شعبہ حادثات جاکر زخمی تاجر مکیش کمار کی عیادت کی اور انکے اہلخانہ سے انکی خیریت دریافت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے۔اس موقع پر لاڑکانہ زونل کمیٹی کے رکن اعجاز اللہ تینو اور دیگر ذمہ داران بھی انکے ہمراہ تھے وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو ہدایت کی وہ زخمی تاجر کے علاج ومعالجے میں کسی بھی قسم کی ہرگز کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔انہوں نے تاجر مکیش کمار کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ پیش کیا اور ایک بار پھر ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆